# L'Hospitalet میں رجسٹر ہوں



Estem al teu servei!

Primer de tot ets tu

Ajuntament de L'Hospitalet

ہے کہ اندراج کروائیں۔ مردم شماری یا پادرون دیگر معاملات میں آپ کی معمول کی رہائش کو ثابت کرنے کا جواز ہے۔

# اس کے لیے طریق عمل کیا ہے؟

جس وقت آپ میونسپلٹی میں اپنی رہائش قائم کرتے ہیں اس وقت آپ کو مردم شماری (پادرون مونیسیپال دے ہابیتانتیس) میں اندراج کی درخواست کرنی چاہئیے۔

# کون کر سکتا ہے؟

- قانونی عمر کا کوئی بھی شخص جو میونسپلٹی میں رہائش رکھتا ہو، مردم شماری میں اندراج کی درخواست کر سکتا ہے۔
- قانونی عمر کا کوئی بھی شخص کسی دوسرے شخص کی خصوصی اجازت کے ساتھ اس کے لیے درخواست دے سکتا ہے۔
- قانونی عمر سے چھوٹے بچوں کی صورت میں والدین جن کے پاس ان کی سرپرستی اور تحویل کے حقوق ہیں، یا ان کی عدم موجودگی میں وہ شخص جو قانونی نمائندگی کی تصدیق کر سکتا ہو، کارروائی داخل دفتر کر سکتے ہیں۔

## کون سی دستاویزات جمع کروانے کی ضرورت ہے؟

آپ کو اصل دستاویزات جمع کروانی ہوں گی نہ کہ فوٹو کاپیاں۔

**شناختی دستاویز**

- جائز اصل شناختی دستاویزات: قومی شناختی کارڈ (DNI)، رہائشی اجازت نامہ (ریزیڈنسی کارڈ) یا پاسپورٹ۔
- نابالغ عمر بچے جن کی شناختی دستاویزات نہ ہوں، ان کے لیے فیملی بک (لبرو دے فامیلیا) یا پیدائشی سرٹیفیکیٹ پیش کرنا ہو گا۔

**رہائش گاہ کی دستاویزات**

اگر رہائش گاہ پر کوئی بھی شخص رجسٹرڈ نہیں ہے

- جائیداد کے کاغذات یا کرایہ نامہ جو جائز ہو۔

اگر رہائش گاہ پر کوئی شخص رجسٹرڈ ہے

- رجسٹرڈ شخص جس کے نام کرایہ نامہ ہے یا مالک جائیداد کا اجازت نامہ۔

اگر آپ کے پاس کاغذات نہیں ہیں جو آپ کی ملکیت کی تصدیق کریں یا اگر آپ کی صورتحال نشاندہی کردہ سے مختلف ہے، جیسے پتہ نہ ہونا، بلدیہ (آئیونتامینتو) کی جانب سے رہائش کی تصدیق کی جائے گی:

- یہ ضروری ہے کہ آپ لازمی دستاویزات کے ہمراہ ایک درخواست رجسٹر کریں، اس پتے کے متعلق آگاہ کرتے ہوئے جہاں آپ رہائش پذیر ہیں۔

## کاغذات کہاں جمع کروانے ہیں؟

- شہریوں کے لیے توجہ کا مرکز (C. Girona, 10)۔
اوقات: پیر تا جمعہ یوم کار، صبح 8:30 تا دوپہر 2:00 بجے

**مندرجہ ذیل ذرائع میں سے کسی ایک کے ذریعہ پیشگی ملاقات کا وقت حاصل کریں:**

- ویب پتہ www.l-h.cat/citaoac
- ٹیلیفون: 010 (مفت) - 900100277 (L'Hospitalet سے باہر)

آپ کو تمام تفصیلی معلومات یہاں
seuelectronica.l-h.cat > Trámites > Población > Padrón Municipal de Habitantes اور شہری توجہ کے مفت ٹیلیفون 010 پر ملیں گی۔

**یاد رکھیں کہ پیشگی ملاقات اور اسی طرح کارروائی کے عمل کے لیے کوئی اخراجات نہیں ہیں۔**

# L'Hola!

Telèfon gratuït
d'atenció ciutadana

www.l-h.cat